حکومتِ پاکستان

فروری ۲۰۲۶

ہفتہ وار موسم کی صورتحال

ہفتہ ۴

۲۲-۲۸ فروری

قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر۔ ۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۲\۸

اسلام آباد، پاکستان

حکومت پاکستان
محکمہ موسمیات
قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز
هفتہ وار موسم کی صورتحال

فون:9250598 -051
فیکس:9250368 -051

۲مارچ،۲۰۲۶

فروری۲۰۲۶ کے چوتھے ہفتے (۲۲تا۲۸فروری) کے دوران ملک بھر میں بارش ریکارڈ نہیں کی گئی، تاہم خیبر پختونخوا کے بعض علاقوں، سیدو شریف اور دیر میں بالترتیب ۲ ملی میٹر اور ۱ ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، جیساکہ تصویر ۱ میں دکھایا گیا ہے۔ تصویر ۲ میں ہفتہ وار بارش کا معمول (۱۹۹۱—۲۰۲۰) سے موازنہ ظاہر کرتا ہے کہ ملک بھر میں بارش معمول سے کم رہی۔ صوبہ پنجاب کے جنوبی حصوں، صوبہ سندھ، صوبہ بلوچستان اور گلگت بلتستان میں منفی انحراف ۱۵ ملی میٹر تک ریکارڈ کیا گیا، جبکہ وسطی اور مشرقی پنجاب میں منفی انحراف ۲۰ ملی میٹر تک رہا۔اس کے برعکس صوبہ خیبر پختونخوا میں منفی انحراف ۳۰ ملی میٹر تک ریکارڈ کیا گیا، جبکہ دیر میں یہ منفی انحراف ۳۵تا۴۰ ملی میٹر تک رہا۔



تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم



تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر ۳ میں ۲۲ سے ۲۸ فروری، ۲۰۲۶ کے دوران پاکستان بھر میں اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جس کے مطابق درجہ حرارت ۲ سے ۲۸ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔ گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور بالائی خیبر پختونخواہ کے بیشتر علاقوں میں اوسط درجہ حرارت ۲ سے ۱۰ ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ جبکہ پنجاب کے بیشتر علاقوں، خیبر پختونخواہ اور شمالی بلوچستان میں اوسط درجہ حرارت ۱۸ سے ۲۲ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔اس کے برعکس سندھ کے بیشتر حصوں اور جنوبی بلوچستان کے ساحلی و زیریں علاقوں میں نسبتاً زیادہ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا، جہاں یہ ۱۸ سے ۲۸ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔ تصویر ۴ میں ۲۲ سے ۲۸ فروری، ۲۰۲۶ کے دوران پاکستان بھر میں اوسط درجہ حرارت کے ہفتہ وار انحراف کو موسمیاتی معمول (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے مقابلے میں دکھایا گیا ہے۔اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں اوسط درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہا۔ بالخصوص پنجاب کے وسطی و جنوبی علاقوں، بالائی و وسطی سندھ، خیبر پختونخواہ کے بیشتر حصوں اور بلوچستان کے مشرقی و جنوبی علاقوں میں درجہ حرارت معمول سے ۱ سے ۶ ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ خیبر پختونخواہ اور بلوچستان کے بعض مشرقی حصوں میں یہ اضافہ ۷ سے ۸ ڈگری سینٹی گریڈ تک بھی ریکارڈ کیا گیا۔



تصویر-۳:اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم



تصویر-۴:اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر ۵ میں (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے دورانیہ پر مبنی فروری کے چوتھے ہفتے (۲۲ سے ۲۸ فروری) کے دوران بارشوں کی موسمیاتی اوسط جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں عموماً ا سے ۱۵ ملی میٹر تک بارش ریکارڈ کی گئی، تاہم کشمیر اور بالائی خیبر پختونخواہ میں بارش کی مقدار عموماً ۱۵ سے ۵۰ ملی میٹر کے درمیان رہی۔تصویر ۶ میں (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے دورانیہ پر مبنی فروری کے چوتھے ہفتے کے دوران اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ جس کے مطابق صوبہ سندھ اور بلوچستان کے جنوبی حصوں بشمول کراچی، حیدرآباد، بدین، جیوانی، پسنی اور اورماڑہ میں اوسط درجہ حرارت ۱۸ سے ۲۴ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔صوبہ پنجاب کے وسطی و جنوبی علاقوں (لاہور، ملتان، بہاولپور)، بلوچستان کے مکران ساحل اور شمال مغربی حصوں میں درجہ حرارت ۱۰ سے ۲۰ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔ جبکہ خیبر پختونخوا، شمالی بلوچستان (قلات، کوئٹہ)، بالائی پنجاب، کشمیر اور گلگت بلتستان میں اوسط درجہ حرارت ۴ سے ۸ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔مزید برآں، گلگت بلتستان، اسکردو اور آزاد کشمیر کے بلند و بالا علاقوں میں اوسط درجہ حرارت ۰ سے ۴ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔



تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم



تصویر-۶:اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویر ۷ زمینی پانی کے ذخیرہ کے انحرافات کو ظاہر کرتی ہے، جو ناسا کے GRACE-FO سیٹلائٹ مشاہدات سے حاصل کیے گئے ہیں، ۱۷ تا ۲۳ فروری ۲۰۲۶ کے دوران پاکستان بھر میں مٹی کی نمی کی صورتحال کو پیش کرتی ہے، جس کا موازنہ طویل مدتی اوسط (۱۹۴۸ تا ۲۰۱۲) کے ساتھ کیا گیا ہے۔خشک سالی کی کیفیت کو تاریخی موسمیاتی ریکارڈ کی بنیاد پر Percentile درجہ بندی میں ظاہر کیا گیا ہے، جہاں کم فیصد (نارنجی تا سرخ رنگ) معمول سے خشک حالات جبکہ زیادہ فیصد (سبز تا نیلا رنگ) معمول سے زیادہ نمی کی نشاندہی کرتے ہیں۔

ملک کے جنوب مغربی اور جنوبی حصوں بشمول مغربی بلوچستان اور جنوب مشرقی سندھ کے ساحلی علاقوں میں نمی کی سطح معمول کے قریب یا قدرے بہتر رہی، جو پانی کی مناسب دستیابی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس کے برعکس گلگت بلتستان، کشمیر، خیبر پختونخوا کے بیشتر علاقوں اور مشرقی سرحدی پٹی بشمول وسطی و جنوبی پنجاب میں نمی کی صورتحال معمول سے خاصی کم رہی، جو آبی دباؤ (Hydrological Stress) کی نشاندہی کرتی ہے۔ مزید برآں سندھ کے مشرقی و جنوبی علاقوں میں نمی کی سطح مجموعی طور پر معمول کے قریب ریکارڈ کی گئی۔



تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

1 سے 7 مارچ فروری کے دوران موسم کی پیشنگوئی

1 تا 3 مارچ 2026 کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں خشک موسم متوقع ہے، جبکہ میدانی علاقوں میں درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے اور پہاڑی علاقوں میں صبح اور رات کے اوقات میں سردی برقرار رہے گی۔ 4 تا 5 مارچ کو بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش، تیز ہواؤں کے ساتھ اور پہاڑوں پر برفباری کا امکان ہے، جبکہ پنجاب کے میدانی علاقوں میں تیز/جھکڑدار ہوائیں چلنے کی توقع ہے۔ 6 تا 7 مارچ کے دوران بالائی و مغربی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر، پوٹھوہار ریجن اور ملحقہ پہاڑی علاقوں میں ہلکی سے درمیانی بارش، گرج چمک کے ساتھ اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری متوقع ہے، جبکہ ملک کے دیگر بیشتر حصوں میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔

Government of Pakistan

February 2026

Weekly Weather Update

Week-4

22nd- 28th February

National Drought Monitoring and Early Warning Centre

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,
Islamabad, Pakistan
URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

GOVERNMENT OF PAKISTAN
PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
(National Drought Monitoring Centre)
Islamabad

Dated: 2nd March, 2026

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

Weekly Weather Update

During the fourth week of February 2026 (22-28 February), no rainfall was recorded across the country except some areas of Khyber Pakhtunkhwa i.e., Saidu Sharif and Dir received 2mm and 1mm respectively, as illustrated in Fig 1. Figure 2 presents a comparison of weekly rainfall with the climatological normal (1991-2020). The analysis shows that rainfall remained below normal throughout the country, negative departures up to 15mm in southern Punjab, Sindh, Balochistan and Gilgit Baltistan, Central and eastern Punjab with negative departures of up to 20 mm. In contrast, Khyber Pakhtunkhwa negative departures up to 30mm, while Dir negative departures up to 35-40mm.



Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)



Figure 2: Departure of Rainfall (mm)

Figure 3 illustrates the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the period 22 to 28 February 2026, where temperatures were recorded between 2 to 28°C. In most areas of Gilgit-Baltistan, Azad Kashmir, and upper Khyber Pakhtunkhwa, the mean temperatures were recorded between 2 to 10°C.In contrast, temperatures ranged from 18°C to 22°C across most parts of Punjab, Khyber Pakhtunkhwa and northern Balochistan. Relatively higher temperatures, ranging between 18°C and 28°C, prevailed over most parts of Sindh and the coastal and lower regions of southern Balochistan.

Figure 4 presents the departure of weekly mean temperature from the climatological average (1991-2020). During this week, in most parts of the country, the mean temperature remained above normal. Specifically, in the central and southern regions of Punjab, upper and central Sindh, most parts of Khyber Pakhtunkhwa, and the eastern and southern regions of Balochistan, temperatures were recorded 1 to 6°C above normal, with some eastern parts of Khyber Pakhtunkhwa and Balochistan experiencing an increase of 7 to 8°C.



Figure 3: Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)



Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)

Figure 5 illustrates the climatological mean spatial distribution of rainfall for the fourth week (22–28 February), based on the 1991–2020 reference period. During this week, most parts of the country typically receive rainfall amounts ranging from 1 to 15 mm. However, Kashmir, Upper Khyber Pakhtunkhwa receive rainfall amounts ranging from 15 to 50 mm. Figure 6 shows the spatial distribution of mean temperature during the fourth week of February, based on the 1991-2020 period. According to the map, the average temperature in Sindh and southern parts of Balochistan, including Karachi, Hyderabad, Badin, Jiwani, Pasni and Ormara was recorded between 18 to 24°C. In the central and southern regions of Punjab (Lahore, Multan, Bahawalpur), along the Makran coast of Balochistan, and in northwestern Balochistan, the temperature ranged between 10 to 20°C. Meanwhile, in Khyber Pakhtunkhwa, northern Balochistan (Kalat, Quetta), and upper Punjab, Kashmir and Gilgit Baltistan the mean temperature remained between 4 to 8°C. Furthermore, in the high-altitude areas of Gilgit-Baltistan, Skardu, and Azad Kashmir, the average temperature between 0 to 4°C



Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)



Figure 6: Spatial Distribution of mean temperature

Figure 7 illustrates anomalies in terrestrial water storage derived from NASA's GRACE-FO satellite observations, representing soil moisture conditions across Pakistan during 17 to 23 February 2026, relative to the long-term average (1948-2012). Drought conditions are expressed in percentile ranks based on historical climate records, where lower percentiles (orange to red shades) indicate drier-than-normal conditions and higher percentiles (green to blue shades) represent wetter-than-normal conditions. While southern and southwestern regions maintain near-average moisture levels, significantly below-normal conditions in Gilgit-Baltistan, Kashmir, Khyber Pakhtunkhwa, and eastern Punjab signal prevailing hydrological stress.



Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)

Forecast for 1st to 7th March, 2026

Mainly dry weather is expected across most parts of the country on 1-3 March 2026, while cold conditions are likely in the hilly areas during the night and morning hours. Day temperatures in the plains are expected to remain above normal. On 4-5 March, light rain along with strong winds and snowfall over hills may occur at isolated places in upper Khyber Pakhtunkhwa and Gilgit-Baltistan, while gusty winds are also likely in the plains of Punjab. From 6-7 March, light to moderate rain with thunderstorms, along with light snowfall over hills, is expected in upper/western Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit-Baltistan, Kashmir, the Potohar region, and adjoining hilly areas, while most other parts of the country are likely to remain dry.

For drought update, visit NDMC official website:
https://ndmc.pmd.gov.pk/new/bulletins.php